20واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعرات 7 اپریل 2016ء

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ جات

## 1۔ صنعت، تجارت و سرمایہ کاری 2۔ امداد باہمی

**بروزبدھ مورخہ 28 مئی 2014، بروز منگل 19 اکتوبر 2014، بروز جمعرات 19 فروری 2015،**
**بروز منگل یکم ستمبر 2015 اور بروز جمعتہ المبارک 19 فروری 2016 کے ایجنڈا سے زیرالتوا**

**نشان زدہ سوال**

**لاہور: نقشہ کی منظوری کے بغیر چلنے والی ایل ڈی اے ایمپلائز ہاؤسنگ سکیم کی تفصیلات**

*269: محترمہ عائشہ جاوید: کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ایل ڈی اے ایمپلائز ہاؤسنگ سکیم ٹھوکر نیاز بیگ کا نقشہ آج تک متعلقہ محکمہ سے منظور نہ ہوا ہے؟

(ب) قیام سے آج تک کتنی دفعہ مذکورہ سکیم کا نقشہ تبدیل کیا گیا اسکی وجوہات اور تاریخ بیان فرمائیں؟

(ج) اگر سوسائٹی کا نقشہ آج تک پاس نہ ہوا ہے تو اس کی الاٹمنٹ اور دیگر کام کس اتھارٹی کے تحت کس نے کیے؟

(د) نقشہ کی تبدیلی ایڈمنسٹریٹر کے دور میں ہوئی یا سوسائٹی انتظامیہ کے دور میں ہوئی؟

(ہ) آج تک تبدیل ہونے والے نقشہ جات کی نقول ایوان میں پیش کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 10 جون 2013 تاریخ ترسیل 2 جولائی 2013)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) درست ہے۔

(ب) سوسائٹی ہذا کا نقشہ پاس نہ ہوا ہے۔

(ج) انتظامیہ نے بائی لاز کے مطابق عمل سرانجام دیا ہے۔

(د) سوسائٹی ہذا کا نقشہ پاس نہ ہوا ہے۔

(ہ) سوسائٹی ہذا کا نقشہ پاس نہ ہوا ہے۔

**(تاریخ وصولی جواب 27 جولائی 2013)**

سیالکوٹ: کیمیکلز کے کاروبار سے متعلقہ تفصیلات

*3387: جناب لیاقت علی: کیاوزیر صنعت، تجارت وسرمایہ کاری ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) سیالکوٹ میں کتنے افراد / کمپنیاں تیزاب اور کیمیکلز فروخت کرنے کے کاروبار کیلئے لائسنس یافتہ ہیں؟

(ب) کیایہ درست ہے کہ سیالکوٹ میں مختلف علاقوں میں بے شمار افراد بغیر لائسنس کیمیکلز فروخت کر رہے ہیں؟

(ج) حکومت اس غیر قانونی کاروبار کے خاتمے کے لئے کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 16 دسمبر 2013 تاریخ ترسیل 31 مارچ 2014)

جواب

وزیر صنعت، تجارت وسرمایہ کاری

(الف) سیالکوٹ میں 22 افراد / کمپنیاں تیزاب اور کیمیکلز فروخت کرنے کے لئے لائسنس یافتہ ہیں۔

(ب) ضلع سیالکوٹ میں کیمیکلز کا کام بغیر لائسنس کے کرنے پر کوئی شکایت موصول نہ ہوئی ہے۔

(ج) اس سلسلہ میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر تمام اے سی صاحبان، تمام تحصیل میونسپل آفیسر صاحبان اور ڈسٹرکٹ آفیسر (سول ڈیفنس) سیالکوٹ کو خصوصی ہدایات دی گئی ہیں کہ جو بھی شخص اس غیر قانونی / بلالائسنس کاروبار میں ملوث ہوا اس کے خلاف سخت سے سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 9 مئی 2014)

ریونیو ہاؤسنگ سوسائٹی ٹوبہ ٹیک سنگھ سے متعلقہ تفصیلات

*6130: جناب امجد علی جاوید: کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ریونیو ہاؤسنگ سوسائٹی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کب رجسٹرڈ ہوئی، اس کے بانی صدر اور سیکرٹری کون تھے؟

(ب)اس سوسائٹی نے کب اور کتنی زمین اپنے ممبران کے لئے کس قیمت اور کن شرائط پر خریدی؟

(ج)اس سکیم میں کتنے پلاٹ کس کس سائز کے بنائے گئے؟

(د)انتظامیہ اس سکیم میں کون کونسی سہولیات کب تک فراہم کرنے کی پابند ہے اور اب تک انتظامیہ نے کیا کیا سہولیات موقع پر فراہم کی ہیں اور کتنا کام بقایا ہے؟

(ہ)سوسائٹی کا آخری اجلاس کب منعقد ہوا اور سوسائٹی کے موجودہ عہدیدار کون ہیں اور یہ کب کتنے عرصہ کے لئے منتخب ہوئے؟

( تاریخ وصولی 25فروری 2015تاریخ ترسیل 14مارچ2015)

جواب

وزیرامداد باہمی

(الف)بمطابق رپورٹ ڈسٹرکٹ آفیسر (کواپریٹوز)ٹوبہ ٹیک سنگھ مورخہ 25.08.2015ریوینو ہاؤسنگ سوسائٹی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ مورخہ 11.08.1988کو رجسٹر ہوئی۔

اس کے بانی صدر (توقیر احمد فائق)ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ اور اس کے سیکریٹری (چوہدری فقیر محمد) اسسٹنٹ کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ تھے۔

(ب)بمطابق رپورٹ ڈسٹرکٹ آفیسر (کواپریٹوز)ٹوبہ ٹیک سنگھ مورخہ 25.08.2015ریوینو ہاؤسنگ سوسائٹی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ نے سال 1988 میں 682کنال اور 18مرلہ زمین مبلغ -/77,38,400روپے (ستترلاکھ اڑتیس ہزار چار سو روپے) میں خریدی۔

(ج)متعلقہ سوسائٹی کے پلاٹوں کے سائزیوں ہیں:۔

| | |
|---|---|
| 2کنال | 107پلاٹ |
| 1کنال | 88پلاٹ |
| 10مرلہ | 114پلاٹ |
| 07مرلہ | 219پلاٹ |
| 05مرلہ | 192پلاٹ |

میزان:          720پلاٹس

(د)بمطابق رپورٹ ڈسٹرکٹ آفیسر (کواپریٹوز)ٹوبہ ٹیک سنگھ مورخہ25.08.2015ریوینو ہاؤسنگ سوسائٹی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بجلی، پانی، سیوریج، سڑکوں کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔کالونی نمبر1میں تمام سہولیات فراہم کردی گئی ہیں۔کالونی نمبر2میں سڑکیں اور بجلی باقی ہے۔کالونی نمبر3صرف سڑکوں کاکام شروع کیاگیاہے۔تھوڑاکام باقی ہےاور کالونی نمبر4میں سڑکوں اور سیوریج مکمل ہے۔

(ہ)ریوینوہاؤسنگ سوسائٹی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کاآخری اجلاس مورخہ30.04.2014کومنعقد ہوا۔ سوسائٹی کے موجودہ عہدیداران کی تفصیل درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| 1۔ ڈسٹرکٹ کلکٹر ٹوبہ ٹیک سنگھ: | صدر |
| 2۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ کلکٹر ٹوبہ ٹیک سنگھ | نائب صدر |
| 3۔ اسسٹنٹ کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ | سیکریٹری |
| 4۔ اسسٹنٹ کمشنر گوجرہ | ممبر |
| 5۔ اسسٹنٹ کمشنر کمالیہ | ممبر |
| 6۔ اسسٹنٹ کمشنر پیر محل | ممبر |
| 7۔ جنرل اسسٹنٹ ریوینو ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 8۔ سپرنٹنڈنٹ ریوینو ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 9۔ ہیڈ کلرک جنرل ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 10۔ ہیڈ کلرک شعبہ عملہ ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 11۔ ہیڈ کلرک کالونی برانچ ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 12۔ ہیڈ کلرکDRAبرانچ ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 13۔ ہیڈ کلرکDNبرانچ ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 14۔ محمد یوسف سابقہ سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |
| 15۔ عبدالرشید اظہر سابقہ سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس ٹوبہ ٹیک سنگھ | ممبر |

16۔ حبیب احمد جونئیر کلرک ریٹائرڈ حال ایڈووکیٹ ممبر

17۔ محمد صدیق سینئر کلرک اکاؤنٹینٹ

جہاں تک انتظامیہ کمیٹی کے ممبران کے انتخاب/چناؤ کا تعلق ہے یہ بلحاظ عہدہ(Ex-Officio)کام کرتے ہی

(تاریخ وصولی جواب 31اگست 2015)

ٹیوٹا ضلع گجرات میں بھرتی سے متعلقہ تفصیلات

*5580: محترمہ خدیجہ عمر: کیاوزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف)ٹیوٹا ضلع گجرات میں جن افراد کو یکم جنوری 2010 سے آج تک ملازمت فراہم کی گئی ان کے نام،ولدیت، عہدہ، گریڈ، تعلیمی قابلیت اور پتہ جات بتائیں؟

(ب) کتنے افراد کو رولز میں نرمی کرکے بھرتی کیا گیا ہے؟

(ج) اگر یہ بھرتی اخبارات میں تشہیر کرکے کی گئی ہے تو ان اخبارات کی نقل فراہم کی جائے؟

(د)ان افراد کو بھرتی کرنے والے کمیٹی ممبران کے نام، عہدہ اور گریڈ بتائیں؟

(تاریخ وصولی 26 دسمبر 2014 تاریخ ترسیل 24 مارچ 2015)

جواب

وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری

(الف) گورنمنٹ سویڈش پاکستانی کالج آف ٹیکنالوجی، گجرات کے ملازموں کے نام،ولدیت، عہدہ گریڈ، تعلیمی،قابلیت اور پتہ جات کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) کوئی بھی نہیں۔

(ج) کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) گورنمنٹ سویڈش پاکستانی کالج آف ٹیکنالوجی، گجرات کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 مئی 2015)

کواپریٹو بنک میں افسران واہلکاران کی تفصیلات

*6937: ڈاکٹر مراد راس: کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کوآپریٹو بنک میں پچھلے دوسالوں کے دوران کس کس گریڈ کے کتنے افسران واہلکاران کنٹریکٹ پر بھرتی کئے گئے؟

(ب) ان میں کتنے کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کیا گیا ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت پنجاب نے تمام محکمہ جات کو نوٹیفیکیشن کے ذریعے تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کرنے کی ہدایات جاری کیں ہیں؟

(د) مذکورہ نوٹیفیکیشن کی روشنی میں کواپریٹو بنک کے کتنے ملازمین کو ریگولر کر دیا گیا ہے اور کتنے ابھی ریگولر کرنا باقی ہے؟

(تاریخ وصولی 27 جولائی 2015 تاریخ ترسیل 16 ستمبر 2015)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) پچھلے دوسالوں کے دوران دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بنک لمیٹڈ میں 123 ملازمین کی عارضی بنیادوں پر بھرتی کی گئی جس کی تفصیل "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان ملازمین کی بھرتی خاص طور پر عارضی بنیادوں پر کی گئی ہے جس کی وجہ سے ان میں سے کسی بھی ملازم کو ریگولر نہیں کیا گیا۔

(ج) دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بنک لمیٹڈ ایک خود مختار ادارہ ہے جو کہ اپنے اخراجات خود پورے کرتا ہے بنک کے اپنے سٹاف سروس رولز ہیں جو بورڈ آف ڈائریکٹرز سے منظور شدہ ہیں اور بنک بورڈ آف ڈائریکٹرز / ایڈمنسٹریٹر کی پالیسی / ہدایات کا پابند ہے اس سلسلہ میں بنک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز / ایڈمنسٹریٹر سے کوئی ہدایات جاری نہ ہوئی ہیں۔

(د) جواب بمطابق جزو "ج"

(تاریخ وصولی جواب 13 جنوری 2016)

پنجاب ٹیکنیکل بورڈ کے خالی عہدوں سے متعلقہ تفصیلات

*6601: جناب امجد علی جاوید: کیا وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:–

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کو چلانے کے لئے تین کلیدی عہدے 1۔ چیئرمین، 2۔ سیکرٹری، 3۔ کنٹرولر امتحانات عرصہ دراز سے خالی ہیں اور ان کا ایڈیشنل یا عارضی چارج دے کر کام چلایا جا رہا ہے؟

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو یہ عہدے کب سے مستقل تقرری کے منتظر ہیں؟

(ج) کیا حکومت طلباء کے تعلیمی مستقبل کو محفوظ اور ان کے لئے سہولیات اور بورڈ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے ان عہدوں پر مستقل تقرری کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 28 اپریل 2015 تاریخ ترسیل 2 جون 2015)

جواب

وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری

(الف) درست ہے۔ تاہم بورڈ ہذا کی موجودہ چیئرپرسن، ڈاکٹر عصمت طاہرہ (پاکستان ایڈمنسٹریٹو سول سروس گریڈ 20 کی سینئر آفیسر) ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی، (S&GAD) حکومت پنجاب کو بطور چیئرپرسن فنی تعلیمی بورڈ کا ایڈیشنل چارج تفویض کیا گیا ہے اور ملک مختار احمد، (پراونشل مینجمنٹ سروس کے گریڈ 19 کے آفیسر) ایڈیشنل سیکرٹری، ریگولیشن ونگ S&GAD حکومت پنجاب کو بطور سیکرٹری فنی تعلیمی بورڈ کا ایڈیشنل چارج سونپا گیا ہے جبکہ جناب محمد ارشد، پرنسپل گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، گلبرگ، لاہور کو کنٹرولر امتحانات فنی تعلیمی بورڈ کا ایڈیشنل چارج دیا گیا ہے اور مذکورہ بالا تینوں افسران ایڈیشنل چارج ہونے کے باوجود اپنی اپنی سیٹوں پر نہایت جان فشانی سے کام کر رہے ہیں۔

(ب)چیئرمین بورڈ کی اسامی مورخہ 2013-09-04 جبکہ سیکرٹری اور کنٹرولر امتحانات کی

اسامیاں مورخہ 2013-08-20 سے خالی ہیں۔

(ج)حکومت پنجاب نے بورڈ ہذا کے انتظامی معاملات کو بہتر بنانے کے لیے ان عہدوں پر انتظامی امور کا وسیع تجربہ رکھنے والے افسران کی بطور چیئرپرسن اور سیکرٹری تقرری کی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 10 جولائی 2015)

گجرات: کواپریٹو بنک میں آفسران کی بھرتی کی تفصیلات

*6947: محترمہ خدیجہ عمر: کیا وزیر امداد باہمی از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع گجرات کی کواپریٹو بنکوں کی برانچوں میں پچھلے تین سالوں کے دوران کتنے افسران کی بھرتی کی گئی، نام، عہدہ سے آگاہ کریں؟

(ب)ان افسران کی بھرتی کس کس اتھارٹی نے کی، اس کا نام وعہدہ بتائیں؟

(ج) کیا حکومت مذکورہ بنک میں آئندہ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کن کن اسامیوں پر؟

(تاریخ وصولی 27 جولائی 2015 تاریخ ترسیل 15 ستمبر 2015)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) ضلع گجرات کی کواپریٹو بنکوں کی برانچوں میں پچھلے تین سالوں کے دوران کوئی افسر بھرتی نہ کیا گیا۔

(ب) جواب بمطابق جز"الف"

(ج) جواب بمطابق جز"الف"

(تاریخ وصولی جواب 26 اکتوبر 2015)

گوجرانوالہ: گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی میں فونڈری انجینئرنگ کا کورس شامل کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*7292: جناب عبدالرؤف مغل: کیا وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی گوجرانوالہ میں صرف 4 شعبہ جات میں تعلیم دی جارہی ہے جبکہ یہ شہر انجینئرنگ انڈسٹری کا گڑھ ہونے کی وجہ سے یہاں سینکڑوں فونڈری یونٹس قائم ہیں؟

(ب)کیایہ بھی درست ہے کہ ان فونڈری یونٹس میں جہاں ہزاروںUn Skilledلوگ کام کررہے ہیں اب کالج کو48کنال اراضی اور ایک بڑی عمدہ عمارت حکومت نے مہیا کر دی ہے کیا حکومت اس ادارہ میں فونڈری ٹیکنالوجی کا کورس شامل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی3فروری2016تاریخ ترسیل14مارچ2016)

جواب

وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری

(الف)ہاں یہ درست ہے کہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی گوجرانوالہ میں تین سالہ DAE کورس میں 4 شعبہ جات الیکٹریکل، الیکٹرونکس، مکینیکل اور انسٹرومنٹیشن میں تعلیم دی جارہی ہے مقامی انڈسٹری کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے6ماہ دورانیہ کے ویلڈرز، مشینسٹ، کوانٹٹی سرویئر اور یو۔پی۔ایس ریپئرنگ کورسز بھی کروائے جارہے ہیں۔ علاوہ ازیں چائنیز لینگوئج کورس (دورانیہ 3ماہ) کا بھی اجراء کیا جارہا ہے۔

(ب)ٹیوٹا کے اداروں میں نئے کورسز کا اجراء متعلقہ انڈسٹری کی ہنرمندی افرادی قوت کی طلب اور سفارشات کی بنا پر کیا جاتا ہے اسی حوالے سے گوجرانوالہ کی انڈسٹری کی سفارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈی اے ای(DAE) گریجوایٹس کے لئے ایک سالہ پوسٹ ڈپلومہ کورس (بائیو میڈیکل)، ڈی اے ای سول اور ڈی اے ای میکاٹرونکس گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی گوجرانوالہ کی نئی بلڈنگ کی تکمیل پر شروع کئے جارہے ہیں فونڈری کا مضمون ڈی اے ای مکینیکل کے طلباء کو پڑھایا جاتا ہے جو کہ مقامی فونڈری انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق ہے البتہ فونڈری کورسز کے اجراء کے سلسلہ میں مقامی انڈسٹری کی تجاویز کو پزیرائی دی جائے گی۔

<u>(تاریخ وصولی جواب6اپریل2016)</u>

<u>فیصل آباد:انجمن امداد باہمی کو رجسٹرڈ کرنے سے متعلقہ تفصیلات</u>

*6994:<u>میاں طاہر</u>:کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف)فیصل آباد ڈویژن میں کون کونسی انجمن ہائے امداد باہمی رجسٹرڈ ہیں، رجسٹرڈ کرنے والی اتھارٹی کون ہے؟

(ب)ان کو سال13۔2012سے آج تک کتنی رقم بطور قرض دی گئی ہے؟

(ج) کتنی انجمن ہائے ڈیفالٹرز ہیں اوران کے ذمہ کتنی رقم ہے، مذکورہ عرصہ میں کتنی رقم وصول ہو چکی ہے، بقایاجات کی تفصیلات فراہم کریں؟

(تاریخ وصولی 28 اگست 2015 تاریخ ترسیل 30 ستمبر 2015)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) فیصل آباد ڈویژن میں درج ذیل اقسام کی کل 4540 انجمن ہائے امداد باہمی رجسٹرڈ ہیں۔
ایگری کریڈٹ انجمن، ڈویلپمنٹ انجمن، سروسز ڈویلپمنٹ انجمن، سروسزا نجمن، فارم سروسزا نجمن ، فارمنگ انجمن، ویجیٹیبل انجمن، اجناس فارم انجمن، لائیو سٹاک انجمن، مارکیٹنگ اینڈ سپلائی انجمن کواپریٹو کمیشن انجمن، شوگر کین انجمن، مختلف مقاصدا نجمن، فیڈیشن انجمن، کواپریٹو انجمن، کواپریٹو سپلائی انجمن ، موٹر ٹرانسپورٹ انجمن، نیشنل انوسٹمنٹ انجمن، فوڈ ڈویلپمنٹ انجمن، ایجوکیشن انجمن، ہاؤسنگ انجمن، اربن لمیٹڈ انجمن، اربن رورل انجمن۔
اسسٹنٹ رجسٹرار انجمن ہائے امداد باہمی، سرکل رجسٹرار انجمن ہائے امداد باہمی اور ڈپٹی رجسٹرار انجمن ہائے امداد باہمی صوبہ پنجاب کے تمام اضلاع میں بننے والی انجمن ہائے امداد باہمی کو رجسٹرڈ کرنے والی اتھارٹی ہیں۔
(ب) فیصل آباد ڈویژن میں رجسٹرڈ ان انجمن ہائے امداد باہمی کو سال 13۔2012 سے مورخہ 14۔10۔2015 تک مبلغ 2 ارب 1 کروڑ 52 لاکھ 75 ہزار روپے بطور قرض دی گئی ہے۔
(ج) مورخہ 30.09.2015 کے ریکارڈ کے مطابق جن انجمن ہائے کو فیصل آباد ڈویژن میں سال 13۔2012 کے دوران قرضہ دیا گیا ان میں سے 777 انجمن ہائے ڈیفالٹرز تھیں جن کے ذمہ پرنسپل مبلغ 15 کروڑ 87 لاکھ 83 ہزار روپے اور مارک اپ مبلغ 20 کروڑ 24 لاکھ 32 ہزار روپے واجب الادا تھا۔ جبکہ مذکورہ عرصہ میں اصل زر مبلغ 2 کروڑ 58 لاکھ 2 ہزار روپے اور مارک اپ مبلغ 1 کروڑ 88 لاکھ 21 ہزار روپے وصول ہو چکا ہے۔

مزید براں ان انجمن ہائے کے ذمہ بقایاجات کی تفصیل اس طرح ہے۔ اصل زر مبلغ 13 کروڑ 29 لاکھ 81 ہزار روپے ہے۔ چونکہ ڈیفالٹرا نجمن ہائے کو ان سے کئے گئے معاہدہ کے مطابق ہر تین ماہ کے بعد مارک اپ لگایا جاتا ہے لہذا مبلغ 21 کروڑ 42 لاکھ 53 ہزار روپے بطور مارک اپ بقایا ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 13 جنوری 2016)

لاہور　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　رائے ممتاز حسین بابر

6۔اپریل 2016ء　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　سیکرٹری

بروز جمعرات 7۔اپریل 2016 محکمہ جات 1۔ صنعت، تجارت وسرمایہ کاری، 2۔امداد باہمی کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | محترمہ عائشہ جاوید | 269 |
| 2 | جناب لیاقت علی | 3387 |
| 3 | جناب امجد علی جاوید | 6601۔6130 |
| 4 | محترمہ خدیجہ عمر | 6947۔5580 |
| 5 | ڈاکٹر مراد راس | 6937 |
| 6 | جناب عبدالرؤف مغل | 7292 |
| 7 | میاں طاہر | 6994 |

20واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعرات 7 اپریل 2016

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ جات:۔

## 1۔امداد باہمی 2۔ صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری

## بہاولنگر: امداد باہمی کے دفاتر سے متعلقہ تفصیلات

**460: جناب محمد نعیم انور:** کیا وزیر امداد باہمی از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) ضلع بہاولنگر میں امداد باہمی کے کتنے دفاتر کہاں کہاں ہیں ؟

(ب) اس ضلع میں محکمہ امداد باہمی کے کل ملازمین کی تعداد کتنی ہے ؟

(ج) کتنی پوسٹیں خالی ہیں اور کس گریڈ کی کب سے خالی ہیں ؟

(د) کیا حکومت ان سیٹوں کو پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے ؟

(تاریخ وصولی 19 دسمبر 2014 تاریخ ترسیل 09 جنوری 2015)

### جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف)(الف) ضلع بہاولنگر میں امداد باہمی کے 18 دفاتر مندرجہ ذیل جگہ پر واقع ہیں:۔

1۔ ڈسٹرکٹ آفیسر کوآپریٹوز سوسائٹیز ضلع بہاولنگر

2۔ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز تحصیل بہاولنگر

3۔ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز تحصیل منچن آباد

4۔ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز تحصیل چشتیاں

5۔ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز تحصیل ہارون آباد

6۔ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز تحصیل فورٹ عباس

7۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز بہاولنگر

8۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز مدرسہ بمقام بہاولنگر

9۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز ڈونگہ بونگہ بمقام بہاولنگر

10۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز منچن آباد تحصیل منچن آباد

11- انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز میکلوڈ گنج تحصیل منچن آباد

12۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز چشتیاں تحصیل چشتیاں

13۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز شہر فرید تحصیل چشتیاں

14۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز ڈاہرانوالہ تحصیل چشتیاں

15۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز ہارون آباد تحصیل ہارون آباد

16۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز فقیر والی تحصیل ہارون آباد

17۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز فورٹ عباس تحصیل فورٹ عباس

18۔ انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز مرکز مروٹ تحصیل فورٹ عباس

(ب) ضلع بہاولنگر میں ملازمین کی تعداد درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام اسامی | تعداد |
|---|---|---|
| 1 | ڈسٹرکٹ آفیسر کوآپریٹو | 1 |
| 2 | اسسٹنٹ رجسٹرار | 5 |
| 3 | اسسٹنٹ | 1 |
| 4 | انسپکٹر | 12 |
| 5 | سینئر کلرک | 2 |
| 6 | جونیئر کلرک | 22 |
| 7 | سب انسپکٹر | 46 |
| 8 | ڈرائیور | 1 |
| 9 | نائب قاصد | 18 |
| 10 | چوکیدار | 5 |
| 11 | مالی | 1 |
| 12 | خاکروب | 1 |
| | میزان تفصیل Annex-A ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ | 115 |

(ج) خالی اسامیوں کی تعداد درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام اسامی | تعداد |
|---|---|---|
| 1 | انسپکٹر BS-11 | 3 |
| 2 | سب انسپکٹر BS-6 | 10 |
| | میزان (تفصیل Annex-B ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے) | 13 |

(د) انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز کی اسامیوں کو پر کرنے کے لئے پنجاب پبلک سروس کمیشن نے اشتہار برائے بھرتی دیا ہوا ہے اور سب انسپکٹر کی خالی اسامیوں پر بھرتی کے لئے گورنمنٹ کی طرف سے پابندی ہے۔ جونہی پابندی ختم ہو گی تمام اسامیاں پر کر دی جائیں گی۔

(تاریخ وصولی جواب 14 فروری 2015)

## ساہیوال: ٹیوٹا کے ٹیکنیکل اداروں سے متعلقہ تفصیلات

**1027**: **جناب محمد ارشد ملک، ایڈووکیٹ**: کیا وزیر صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع ساہیوال میں ٹیوٹا کے ٹیکنیکل ادارے کہاں کہاں واقع ہیں، تفصیلات فراہم کریں؟

(ب) ان اداروں میں اس وقت کتنے طالب علم زیر تعلیم ہیں؟

(ج)ان اداروں میں کس کس ہنر کی تعلیم دی جاتی ہے؟

(د)ان اداروں میں زیر تعلیم طلبہ سے کتنی فیس وصول کی جاتی ہے اور ان کو کتنا وظیفہ دیا جاتا ہے؟

(ہ)ان اداروں میں اساتذہ کی منظور شدہ اسامیاں کتنی ہیں اور اس وقت کتنی خالی ہیں، خالی اسامیاں کب تک پر کر لی جائیں گی؟

(تاریخ وصولی 26 جون 2015 تاریخ ترسیل 12 اگست 2015)

## جواب

### وزیر صنعت، تجارت اور سرمایہ کاری

(الف) ضلع ساہیوال میں ٹیوٹا کے کل چھ ادارے ہیں جن کی تفصیل مندرجہ زیل ہیں۔

1۔ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، ساہیوال، اولڈ ہڑپہ روڈ ساہیوال

2۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (احمد مراد روڈ) ساہیوال

3۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (اولڈ ہڑپہ روڈ) ساہیوال

4۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) ساہیوال، نئی آبادی ساہیوال

5۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ چیچہ وطنی، اوکاں والا روڈ چیچہ وطنی

6۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) چیچہ وطنی، المدینہ مارکیٹ، ریلوے روڈ نزد NBP چیچہ وطنی

| (ب) ادارے کا نام | طلبہ کی تعداد |
|---|---|
| 1۔ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، ساہیوال | 3180 |
| 2۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (احمد مراد روڈ) ساہیوال | 774 |
| 3۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (اولڈ ہڑپہ روڈ) ساہیوال | 486 |
| 4۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ چیچہ وطنی | 294 |
| 5۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) ساہیوال | 246 |
| 6۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) چیچہ وطنی | 284 |

(ج) اداروں میں موجود شعبہ جات کی تفصیل

1۔ ادارے کا نام: گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، ساہیوال

ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر نگ (تین سالہ)

فوڈ پراسیسنگ اینڈ پریزویشن ٹیکنالوجی، الیکٹریکل ٹیکنالوجی، سول ٹیکنالوجی، مکینیکل ٹیکنالوجی اور آٹو اینڈ فارم ٹیکنالوجی

میٹرک ٹیک (دو سالہ کورس)

2۔ ادارے کا نام: گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (احمد مراد روڈ) ساہیوال جی۔ٹو (دو سالہ)

الیکٹریشن، الیکٹرونکس اپلیکیشنز، ہیٹ وینٹیلیشن ائیر کنڈیشننگ اینڈ ریفریجریشن (HVACR)، سول ڈرافٹسمین، مشینسٹ، آٹو مکینک

<u>جی۔تھری (ایک سالہ)</u>

الیکٹریشن، ہیٹ وینٹیلیشن ائیر کنڈیشننگ اینڈ ریفریجریشن (HVACR)، سول ڈرافٹسمین، مشینسٹ، آٹو مکینک

<u>3۔ادارے کا نام:</u> گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (اولڈ ہڑپہ روڈ) ساہیوال جی۔ٹو (دو سالہ)

الیکٹریشن، الیکٹرنکس اپلیکیشنز، مکینیکل ڈرافٹسمین، مشینسٹ، آٹو مکینک، فیٹر جنرل، ویلڈنگ

<u>4۔ادارے کا نام:</u> گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ چیچہ وطنی جی۔ٹو (دو سالہ)

الیکٹریشن، الیکٹرونکس اپلیکیشنز، ہیٹ وینٹیلیشن ائیر کنڈیشننگ اینڈ ریفریجریشن (HVACR)، آٹو مکینک

<u>5۔ادارے کا نام:</u> گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) ساہیوال میٹرک ووکیشنل، ڈومیسٹک ٹیلرنگ، مشین ایمبرائیڈری، فیشن ڈیزائننگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر اپلیکیشنز

<u>6۔ادارے کا نام:</u> گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) چیچہ وطنی، المدینہ مارکیٹ، ریلوے روڈ نزد NBP چیچہ وطنی ڈومیسٹک ٹیلرنگ، مشین ایمبرائیڈری، فیشن ڈیزائننگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر اپلیکیشنز

| (د) ادارے کا نام | کل فیس |
|---|---|
| 1۔ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، ساہیوال | 9850 |
| 2۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (احمد مراد روڈ) ساہیوال | 3755 |
| 3۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (اولڈ ہڑپہ روڈ) ساہیوال | 3755 |
| 4۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ چیچہ وطنی | 3755 |
| 5۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) ساہیوال | 2700 |
| 6۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) چیچہ وطنی | 2700 |

مروجہ قوانین کے مطابق زیر تعلیم طلبہ کو وظیفہ نہ دیا جاتا ہے۔البتہ مستحق طلباء کو فیس معافی کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

علاوہ ازیں انڈسٹری ڈیمانڈ ڈریون شارٹ کورسز کے طلبہ کو 1000 روپے ماہانہ وظیفہ دیا جاتا ہے۔

(ہ) اداروں میں منظور شدہ اور خالی آسامیوں کی تعداد درج ذیل ہے

1۔ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، ساہیوال

| منظور شدہ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|
| 111 | 35 |

2۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (احمد مراد روڈ) ساہیوال

| منظور شدہ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|
| 32 | 6 |

3۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (اولڈ ہڑپہ روڈ) ساہیوال

منظور شدہ اسامیاں　　خالی اسامیاں

38　　14

4۔ گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ چیچہ وطنی

منظور شدہ اسامیاں　　خالی اسامیاں

9　　2

5۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) ساہیوال

منظور شدہ اسامیاں　　خالی اسامیاں

10　　5

6۔ گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (برائے خواتین) چیچہ وطنی

منظور شدہ اسامیاں　　خالی اسامیاں

5　　0

اساتذہ کی گریڈ 14 تا گریڈ 17 کی خالی اسامیوں پر بھرتی کا عمل NTS کے میرٹ کی بنیاد پر تکمیل کے مراحل میں ہے اور جلد مکمل کر لیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 12 نومبر 2015)

## میانوالی: کواپریٹو بنک میں برانچ وائز اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

989: **جناب احمد خان بھچر**: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) میانوالی میں تمام کواپریٹو بنک میں برانچ وائز پچھلے دو سالوں کے دوران کون کون اسامیوں پر بھرتی ہوئی، اسامی وائز تفصیل بتائیں؟

(ب) کیا حکومت ان ملازمین کو ریگولر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو کب تک، نہیں تو کیا وجوہات ہیں؟

(تاریخ وصولی 26 جون 2015　　تاریخ ترسیل 8 جولائی 2015)

## جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف) میانوالی میں دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ کی برانچوں میں پچھلے دو سالوں کے دوران بھرتی شدہ ملازمین کی آسامی وائز تفصیل درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | نام ملازم | برانچ | عہدہ | آرڈر نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 1 | رضوان اکرم | میانوالی | OG-III/Cashier | ہیڈ آفس آرڈر نمبر 153 مورخہ 03.04.2015 |

یہ بھرتی NTS (نیشنل ٹیسٹنگ سروس) اور انسٹی ٹیوٹ آف بینکرز کے ذریعے کی گئی۔

(ب)دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ میں کنٹریکٹ پر بھرتی کیے ہوئے ملازمین کو ریگولر کرنے کی کوئی پالیسی نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 11 نومبر 2015)

## اوکاڑہ: ضلع بھر کی برانچوں میں افسران کی بھرتیوں سے متعلقہ تفصیلات

**1055: ڈاکٹر مراد راس:** کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع اوکاڑہ کی کواپریٹو بینکوں کی برانچوں میں 2012 سے اب تک کتنے افسران کی بھرتی کی گئی، نام و عہدہ سے آگاہ کریں؟

(ب)ان آفیسران کی بھرتی کس کس اتھارٹی نے کی، اس کا نام و عہدہ بتائیں؟

(ج) کیا حکومت بنک میں آئندہ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، نہیں تو کیا وجوہات ہیں؟

(تاریخ وصولی 26 جون 2015 تاریخ ترسیل 12 اگست 2015)

### جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف) ضلع اوکاڑہ کے کواپریٹو بینکوں کی برانچوں میں 2012ء سے مورخہ 07.07.2015 تک جن افسران کی بھرتی کنٹریکٹ اور مستقل بنیادوں پر کی گئی ان کے نام و عہدہ کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) بینک میں کوالیفائیڈ منیجرز اور آفیسرز بھرتی کیے گئے جن کا تحریری امتحان نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS) اور پینل انٹرویو انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان (IBP) کے ذریعہ کروایا گیا بعد میں ان کی ٹریننگ بھی کروائی گئی اور مستقبل میں بھی ضرورت کے مطابق ایسی ہی بھرتیاں کی جائیں گی۔ البتہ کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کے لئے سلیکشن کمیٹی نے امیدواران کا انٹرویو کرنے کے بعد اپنی سفارشات پیش کیں ان سفارشات کی روشنی میں بینک کے سابقہ اور موجودہ سی ای اوز نے بطور مجاز اتھارٹی یہ تقرریاں کی ہیں۔

(ج) دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک اپنے کاروبار کو احسن طریقے سے چلانے کیلئے وقتاً فوقتاً ضرورت کے مطابق بینک پالیسی کے تحت سٹاف بھرتی کرتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 اگست 2015)

## اوکاڑہ: کواپریٹو بنک کی برانچوں سے جاری قرضہ سے متعلقہ تفصیلات

**1056: ڈاکٹر مراد راس:** کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع اوکاڑہ میں کوپرایٹو بنک کی تمام برانچوں نے سال 2010 سے اب تک کل کتنا قرضہ جاری کیا، برانچ وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب) مذکورہ عرصہ کے دوران ہر برانچ سے قرضہ کی کتنی واپسی ہوئی، قرضہ کی واپسی کن اہلکاران و آفیسران کی ڈیوٹی لگائی گئی، سال وائز تفصیل بتائیں؟

(تاریخ وصولی 26 جون 2015 تاریخ ترسیل 12 اگست 2015)

## جواب

**وزیرامداد باہمی**

(الف) ضلع اوکاڑہ میں کواپریٹو بینک کی تمام برانچوں نے سال 2010ء سے مورخہ 31.07.2015 تک جتنا قرضہ جاری کیا اس کی برانچ وائز تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) مذکورہ عرصہ کے دوران ہر برانچ سے قرضہ کی واپسی جتنی ہوئی، قرضہ کی واپسی کیلئے جن اہلکاران وافسران کی ڈیوٹی لگائی گئی ان کی سال وائز تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 26 اکتوبر 2015)

## اوکاڑہ: ضلع بھر میں کواپریٹو بنک کی برانچوں میں تعینات ملازمین سے متعلقہ تفصیلات

**1057: ڈاکٹر مراد راس**: کیا وزیرامداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع اوکاڑہ میں کوآپریٹو بنک کی تمام برانچوں میں کتنے ملازمین کام کررہے ہیں، برانچ وائز تفصیل فراہم کریں؟

(ب) کیا یہ ملازمین برانچ وائز Strength کے مطابق ہیں اگر نہیں تو Strength کے مطابق کب تک کر دیئے جائیں گے؟

(ج) ان برانچوں میں کون کونسے گریڈ کی کتنی اسامیاں کب سے خالی ہیں؟

(تاریخ وصولی 26 جون 2015 تاریخ ترسیل 12 اگست 2015)

## جواب

**وزیرامداد باہمی**

(الف) ضلع اوکاڑہ میں کواپریٹو بینک کی تمام برانچوں میں جو ملازمین کام کررہے ہیں ان کی برانچ وائز تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع اوکاڑہ کی تمام برانچوں میں ملازمین strength کے عین مطابق ہیں جس کی وضاحت / تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع اوکاڑہ کی بصیرپور برانچ میں ایک آفیسر کی آسامی مورخہ 01.04.2015 سے خالی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 26 اکتوبر 2015)

## زونل آفس ساہیوال کواپریٹو بینک میں رہائش پذیر ملازمین سے متعلقہ تفصیلات

**1086: جناب احمد خان بھچر**: کیا وزیرامداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) زونل آفس ساہیوال کواپریٹو بینک کے تحت کام کرنے والی کتنی بینک برانچز میں بنک ملازمین رہائش پذیر ہیں؟

(ب) کیا ہیڈ آفس کی جانب سے ان ملازمین کو بینک میں رہائش رکھنے کی اجازت دی گئی ہے اگر ہاں تو کس کس ملازم کو یہ سہولت فراہم کی گئی، ان کے نام، عہدہ سے آگاہ کریں؟

(ج)اگر کسی بنک ملازم کو بینک میں رہائش رکھنے کی اجازت نہ ہے توکیااس بے قاعدگی کے ذمہ دار مینجرز ہیں، کیااس سلسلہ میں چیک کرنے کے لئے کوئی مانیٹرنگ ٹیم بنائی گئی ہے ؟

(تاریخ وصولی 07اگست 2015 تاریخ ترسیل 21اگست 2015)

جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف)زونل آفس ساہیوال کواپریٹو بینک کے تحت جو برانچز کام کررہی ہیں ان میں سے درج ذیل تین برانچز میں بینک ملازمین رہائش پذیر ہیں:۔

1۔ ساہیوال سٹی 2۔ چیچہ وطنی 3۔ وہاڑی

(ب)جی ہاں ان برانچز میں رہنے والے تمام ملازمین ہیڈآفس کی اجازت سے رہائش پذیر ہیں ان کے نام، عہدہ کی تفصیل اسطرح ہے:۔

1۔ ملک محمد اقبال جعفری، ڈپٹی زونل ہیڈ، ساہیوال سٹی برانچ کمرہ نمبر 1

2۔ رانا محمد طاہر عزیز، ڈپٹی زونل ہیڈ، ساہیوال سٹی برانچ کمرہ نمبر 2

3۔ فیاض حسین، گارڈ ساہیوال سٹی برانچ اپر سٹوری

4۔ عبدالستار، گارڈ چیچاوطنی برانچ کواٹر نمبر 1

5۔ خالد حسین، گارڈ، وہاڑی برانچ اپر سٹوری

(ج)زونل آفس ساہیوال کواپریٹو بینک کے تحت کام کرنے والی کسی بھی برانچ میں کوئی بھی بینک ملازم بغیر اجازت مجاز اتھارٹی ہیڈآفس رہائش پذیر نہ ہے اس سلسلہ میں ہیڈآفس کا آڈٹ ڈویژن دیگر معاملات کے ساتھ اِس معاملہ کو بھی چیک کرتا ہے۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 26اکتوبر 2015)</u>

## <u>ساہیوال: زونل آفس کوآپریٹو بنک میں ملازمین سے متعلقہ تفصیلات</u>

**1103: <u>محترمہ خدیجہ عمر</u>:** کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف)زونل آفس کواپریٹو بنک ساہیوال میں کس گریڈ کے کتنے ملازمین کام کررہے ہیں، ان کے نام، عہدہ وعرصہ تعیناتی سے آگاہ کریں؟

(ب)ان ملازمین کی بھرتی کب ہوئی اوران کی تعلیم کیاہے ؟

(ج)زونل آفس ساہیوال کے لئے 14-2013اور 15-2014ء کے لئے کس کس مد میں کتنا کتنا بجٹ مختص کیا گیااور کہاں کہاں خرچ ہوا؟

(د)مذکورہ بالاعرصہ کاآڈٹ کروایاگیا؟

(تاریخ وصولی 10اگست 2015 تاریخ ترسیل 20اگست 2015)

جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف)دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ ساہیوال کے زونل آفس میں کام کرنے والے ملازمین کے گریڈ، نام، عہدہ و عرصہ تعیناتی کی تفصیل تتمہ "الف"ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)ان ملازمین کی تاریخ بھرتی اور تعلیم کی تفصیل تتمہ "ب"ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ان میں سے زیادہ تر مینجرز کی تعلیم ماسٹرز ہے چند لوگ میٹرک یا انٹر ہیں کیونکہ ان لوگوں کے پاس برانچ میں کام کرنے کا وسیع تجربہ ہے اور سٹاف سروس رولز کے تحت کم تعلیم والے افراد کو بینک سے فارغ نہیں کیا جاسکتا۔ بینک میں کوالیفائیڈ مینجرز اور آفیسرز بھرتی کیئے گئے جن کا تحریری امتحان نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS)اور پینل انٹرویو انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان (IBP) / بینک پینل کے ذریعہ کروایا گیا بعد میں ان کی ٹریننگ بھی کروائی گئی اور مستقبل میں بھی ایسی ہی بھرتیاں کی جائیں گی۔ مرحلہ وار پرانے سٹاف کو نئے کوالیفائیڈ سٹاف سے تبدیل کر دیا جائے گا۔ ان ملازمین کی تاریخ بھرتی اور تعلیم کی تفصیل تتمہ "ب"ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)چونکہ مورخہ 01.04.2014 کو زونل آفس ساہیوال کو الگ زون کی حیثیت دی گئی اس لئے سال 14-2013 کے بجٹ اور خرچہ کی تفصیل نہ ہے اور 15-2014 کیلئے جس مد میں جو بجٹ مختص کیا گیا اور جتنا خرچ ہوا اس کی مد وائز تفصیل تتمہ "ج"ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)ساہیوال زون کی تمام برانچوں کے ساتھ ڈسٹرکٹ کورٹس ساہیوال برانچ کا آڈٹ بھی کروایا گیا تھا۔ مزید برآں 2015 کے منظور شدہ پلان کے مطابق بھی آڈٹ کیا جائیگا۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 13 جنوری 2016)</u>

## <u>ساہیوال: زونل آفس کوآپریٹو بنک میں مینجرز سے متعلقہ تفصیلات</u>

**1104**: <u>*محترمہ خدیجہ عمر*</u>: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف)زونل آفس کواپریٹو بنک ساہیوال کے زیر انتظام بنک برانچوں کا قیام کب عمل میں آیا، علیحدہ علیحدہ برانچ وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب)ان برانچوں کے برانچ مینجرز کے نام اور عرصہ تعیناتی سے آگاہ کریں؟

(ج)ان برانچوں کے برانچ مینجرز کی تعلیم کیا کیا ہے برانچ وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(د)کیا ان کے تعلیمی سرٹیفکیٹس کی Verification متعلقہ تعلیمی بورڈز سے کروائی گئی اگر نہیں تو کیوں؟

(تاریخ وصولی 10 اگست 2015 تاریخ ترسیل 20 اگست 2015)

**جواب**

**وزیرامداد باہمی**

(الف)دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ ساہیوال کے زونل آفس کے زیرانتظام بینک برانچوں کے قیام مورخہ 01.04.2014 کو عمل میں آیا جس کی برانچ وائز تفصیل تتمہ "الف "ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)ان برانچوں کے برانچ مینیجرز کے نام اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل تتمہ "ب "ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)ان برانچوں کے برانچ مینیجرز کی تعلیم کی برانچ وائز تفصیل تتمہ "ج "ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ان میں سے زیادہ تر مینیجرز کی تعلیم ماسٹرز ہے چند لوگ میٹرک یا انٹر ہیں کیونکہ ان لوگوں کے پاس برانچ میں کام کرنے کا وسیع تجربہ ہے اور سٹاف سروس رولز کے تحت کم تعلیم والے افراد کو بینک سے فارغ نہیں کیا جاسکتا۔ بینک میں کوالیفائیڈ مینیجرز اور آفیسرز بھرتی کئے گئے جن کا تحریری امتحان نیشنل ٹیسٹنگ سروس (NTS)اور پینل انٹرویو انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان (IBP)/ بینک پینل کے ذریعہ کروایا گیا بعد میں ان کی ٹریننگ بھی کروائی گئی اور مستقبل میں بھی ایسی ہی بھرتیاں کی جائیں گی۔ مرحلہ وار پرانے سٹاف کو نئے کوالیفائیڈ سٹاف سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(د)جی ہاں ان کی فائنل کوالیفائنگ ڈگری / سرٹیفیکیٹس کی Verification متعلقہ یونیورسٹی / تعلیمی بورڈ سے کروالی گئی ہے۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 13 جنوری 2016)</u>

## <u>ساہیوال زون سے قرضہ فراہمی سے متعلقہ تفصیلات</u>

**1113**: <u>ڈاکٹر مراد راس</u>: کیا وزیرامداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف)زونل آفس کواپریٹو بنک ساہیوال کے تحت کام کرنے والی تمام برانچوں نے 14-2013 اور 15-2014 میں کتنے افراد کو کتنا کتنا قرضہ فراہم کیا گیا۔ برانچ وائز و سال وائز تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب)مذکورہ قرضہ کتنے کتنے عرصہ کے لئے کتنے فیصد سود پر فراہم کیا گیا؟

(ج)کیا یہ درست ہے کہ ان برانچوں کے مینجرز و آپریشن آفیسرز قرضوں کی فراہمی پر کمیشن وصول کر رہے ہیں اور قرضہ ری شیڈول کرنے پر بھی؟

(د)پچھلے پانچ سالوں کے دوران ان برانچوں سے فراہم کئے گئے، قرضہ جات میں کتنے قرضہ جات ری شیڈول کئے گئے، ان افراد کی تعداد سے آگاہ کریں؟

(تاریخ وصولی 13 اگست 2015 تاریخ ترسیل 16 ستمبر 2015)

### جواب

**وزیرامداد باہمی**

(الف)زونل آفس کواپریٹو بینک ساہیوال کے تحت کام کرنے والی تمام برانچوں نے 14۔2013 اور 15۔2014 میں جن افراد کو قرضہ فراہم کیا ان کی برانچ وائز و سال وائز تفصیل تتمہ "الف "ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)مذکورہ برانچوں سے 14۔2013 اور 15۔2014 کے دوران جاری کئے جانے والے قرضہ کے عرصہ اور شرح سود کی تفصیل تتمہ "ب "ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے

(ج) جی نہیں یہ درست نہ ہے۔ دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ کی تمام برانچوں کے منیجرز اور آپریشن آفیسرز قرضوں کی فراہمی یاری فنانسنگ کے دوران مکمل شفافیت اور قوائد کو ملحوظ خاطر رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں بینک ہذا میں قرضوں کی ری شیڈولنگ نہیں کی گئی۔

(د) پچھلے پانچ سال کے دوران ان برانچوں سے فراہم کئے گئے قرضہ جات میں ری شیڈولنگ نہیں کی گئی جبکہ ری فنانس کئے جانے والے قرضہ جات اور افراد کی تفصیل تتمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 جنوری 2015)

## ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ محکمہ امداد باہمی کی طرف سے فراہم کردہ قرضہ کی تفصیلات

**1235: جناب امجد علی جاوید:** کیا وزیر امداد باہمی از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں محکمہ امداد باہمی کی جانب سے سال 15۔2014 تک فراہم کردہ قرضہ جات کی کل مالیت کتنی ہے؟

(ب) محکمہ کی جانب سے جاری کردہ قرضہ جات جن افراد یا کواپریٹو سوسائٹیوں کو فراہم کئے گئے ان کی تفصیلات ایوان میں فراہم کی جائیں؟

(ج) جن افراد یا کواپریٹو سوسائٹیز کو قرضہ جاری کیا گیا ہے ان کو پہلی مرتبہ قرضہ کس سال جاری کیا گیا تھا اس کی تفصیلات ایوان میں پیش کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 12 جنوری 2016 تاریخ ترسیل 20 جنوری 2016)

### جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف) دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے دوران سال 15۔2014 فراہم کردہ قرضہ کی مالیت مبلغ 26 کروڑ 24 لاکھ 74 ہزار روپے ہے۔

(ب) دی پنجاب پراونشل کواپریٹو بینک لمیٹڈ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی جانب سے جاری کردہ قرضہ جات جن افراد یا کواپریٹو سوسائٹیز کو فراہم کیے گئے ان کی تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) بینک ہذا کی طرف سے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں پہلی مرتبہ جن افراد یا کواپریٹو سوسائٹیز کو قرضہ جاری کیا گیا ہے اس کی سال وائز تفصیل اس طرح ہے:۔

سال اجراء قرضہ۔ 1997,1995,1993,1992,1990,1987,1985

(تاریخ وصولی جواب یکم اپریل 2016)

لاہور — رائے ممتاز حسین بابر

مورخہ 5 اپریل 2016 — سیکرٹری